★★★★★

لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

جلد 13 | جمعۃ المبارک 24 جنوری 2025ء، 23 رجب 1446ھ، 11 ماگھ | صفحات 10 | قیمت 30 روپے | شمارہ 132

www.naibaat.pk e-mail: nb@naibaat.com

وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025 کو مکمل ہو گئے

چار عشرے قبل اسلام آباد سے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث محکموں کی بدانتظامی روکنے کا اہم ادارہ بن چکا

ہر سال شکایات میں اضافہ! وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کا اعتماد بڑھ رہا ہے: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

گوجرانوالہ (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025 کو مکمل ہو گئے ہیں۔ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعدازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے جب کہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ 23 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے۔ سال 2024 میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کئے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے۔ وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس عرصے کے دوران یہ ادارہ لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں کوشاں رہا۔ چار عشرے قبل اس ادارے نے اسلام آباد میں صدر دفتر اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اپنے علاقائی دفاتر قائم کر کے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث سرکاری محکموں کی بدانتظامی روکنے کا ایک اہم ادارہ بن چکا ہے اور اس کے علاقائی دفاتر ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آج یہ ادارہ جس مقام پر پہنچ چکا ہے، یہ سب مرکزی اور علاقائی دفاتر میں کام کرنے والے میرے رفقائے کار کی انتھک اور پرخلوص محنت کا ثمر ہے۔ سرکاری اداروں کی بدانتظامی، نااہلی اور غفلت کے خلاف ہمارے دفاتر میں شکایات کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ اس سال بھی ہماری کوشش ہو گی کہ عوام الناس کی فلاح و بہبود اور انہیں ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور ادارے تک عوام الناس کی رسائی آسان بنائی جائے۔ آیئے ! نئے سال میں آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کریں کہ ہم محتسب کے بنیادی تصور کے مطابق عام لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی بھرپور کوششیں اسی جذبے سے جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
REGIONAL INFORMAITION OFFICE,
PRESS INFORMAION DEPARTMENT,
PESHAWAR.

Dated: 24 / 01 /2025

Daily SIYAQ Peshawar

روزنامہ سیاق

وفاقی محتسب کے قیام کے 42 سال مکمل ہو گئے

42 سال کے دوران 23 لاکھ سے زائد شکایت کنندگان کی دادرسی کی گئی۔ اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (سیاق نیوز) وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے 42 سال آج 24 جنوری 2025 کو مکمل ہو گئے ہیں۔ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز جب وفاقی محتسب کا قیام عمل میں آیا تو سب سے پہلے اسلام آباد میں اس کا صدر دفتر قائم کیا گیا۔ بعد ازاں چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اس کے علاقائی دفاتر قائم کیے گئے جبکہ آج ہیڈ آفس اسلام آباد کے علاوہ ملک بھر میں وفاقی محتسب کے 23 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کام کر رہے ہیں۔ 42 سال کے اس سفر کے دوران ادارہ 23 لاکھ سے زائد شکایات کا ازالہ کر چکا ہے (بقیہ نمبر 39)

بقیہ نمبر 39 | وفاقی محتسب

۔ سال 2024 میں وفاقی محتسب نے دو لاکھ 23 ہزار 171 شکایات کے فیصلے کیے۔ اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال شکایات میں مسلسل اضافے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وفاقی محتسب کے ادارے کے قیام کے بنیادی مقاصد، بدانتظامی کے خاتمے، گڈ گورننس کے قیام، قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے پیغام کا مکمل متن درج ذیل ہے:

وفاقی محتسب کے دفتر کے قیام کے سلسلے میں 24 جنوری کی تاریخ کو ایک خصوصی اہمیت حاصل ہے کیونکہ 42 سال قبل 1983 کو اسی روز وفاقی محتسب کے ادارے کا قیام عمل میں آیا تھا۔ اس عرصے کے دوران یہ ادارہ لاکھوں پاکستانیوں بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقے کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں کوشاں رہا۔ چار عشرے قبل اس ادارے نے اسلام آباد میں صدر دفتر اور چاروں صوبائی دارالحکومتوں میں اپنے علاقائی دفاتر قائم کر کے جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اپنی کارکردگی کے باعث سرکاری محکموں کی بدانتظامی روکنے کا ایک اہم ادارہ بن چکا ہے اور اس کے علاقائی دفاتر ملک کے مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ آج یہ ادارہ جس مقام پر پہنچ چکا ہے، یہ سب مرکزی اور علاقائی دفاتر میں کام کرنے والے میرے رفقائے کار کی انتھک اور پرخلوص محنت کا ثمر ہے۔ سرکاری اداروں کی بدانتظامی، نااہلی اور غفلت کے خلاف ہمارے دفاتر میں شکایات کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد اس ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ اس سال بھی ہماری کوشش ہوگی کہ عوام الناس کی فلاح و بہبود اور انہیں ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور ادارے تک عوام الناس کی رسائی آسان بنائی جائے۔ آیئے نئے سال میں آج کے دن ہم اس عہد کا اعادہ کریں کہ ہم محتسب کے بنیادی تصور کے مطابق عام لوگوں کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی بھرپور کوششیں اسی جذبے سے جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہمارا یہ ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کے ساتھ ساتھ بہتر طرز حکمرانی کے قیام، قانون کی حکمرانی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب ٹھہرے گا۔

CS CamScanner